
## (د) تیلیوں کے ذریعے مختلف شکلیں

آؤ، کرکے دیکھیں۔

۲ 


۱ 


۴ 

۳ 

## میری سرگرمی

مشق کے لیے شکلیں

۵ 



مشق کے لیے دی ہوئی شکلوں پر گوند کی مدد سے تیلیاں چسپاں کرنے کے لیے کہیں۔

# ۳۔ مہارت پر مبنی سرگرمیاں

## (الف) قدرتی اشیا کے ٹھپّے





### میری سرگرمی

سبزی ترکاری کی قاش، پتے، بیج وغیرہ جیسی قدرتی چیزوں کے ساتھ ساتھ ہاتھ کی اُنگلیوں کو رنگ یا سیاہی لگا کر اُنگلیوں کے ٹھپّے بنائیے۔

S2WAAA

تصویر میں ٹھپّے کس چیز کے ہیں، طلبہ کو پہچاننے کے لیے کہیں۔ انھیں خالی جگہ میں مختلف چیزوں یا ہاتھ کے ٹھپّے بنانے کے لیے کہیں۔ فن پارہ بنانے کے لیے کہیں۔

## (ب) کاغذی پنکھا بنانا



اخبار/ رسالے کا صفحہ لے۔ آگے پیچھے تہہ کرے۔ تہہ کر لینے کے بعد بیچ سے موڑے۔ اندر کی جانب پٹیوں پر گوند لگا کر چپکانے کے لیے کہیں۔ باہر کی جانب پٹیوں کو گوند کی مدد سے آئس کریم/ بانس کی تیلیاں چسپاں کرنے کہیں۔ چسپاں کیے ہوئے حصے اچھی طرح سوکھ جانے کے بعد پنکھے کو کھول دیا جائے۔


# ۴۔ پسندیدہ سرگرمیاں

## (الف) پیداواری شعبے

### (ا) شعبہ : غذا

### ۱ء۱ آنگن میں باغ کام

مختلف سبزیوں اور پھلوں کے نام پہچاننا۔



### میری سرگرمی

سبزیوں اور پھلوں کی تصویریں اور پھلوں کے بیج جمع کرنا۔

تصویروں کے ذریعے سبزیوں اور پھلوں کی پہچان کرانا۔ پھلوں کے بیجوں کا ذخیرہ کرانا۔

## ۲ء۱ گملے میں پودا کاری

### مختلف گملوں کی پہچان



### میری سرگرمی

گملے کی مختلف شکلوں کی تصویریں جمع کر کے چپکانا۔

گملوں کی شکل کے مطابق ان کے ناموں کے بارے میں طلبہ کو بتائیں۔ رنگین تصاویر اور ویڈیو کا استعمال کیا جائے۔

## ۳ء۱ گملے کی شکلوں اور پودوں کی پہچان

سبزی ترکاریوں اور پھول پودوں کے گملے لگانا۔



سبزی ترکاریوں اور پھول پودوں کے گملوں کی تصویریں دِکھائیں۔


## ۴٫۱ پھلوں پر عمل

### فروٹ مارکیٹ کی سیر - تصویر بیانی



### میری سرگرمی

تصویر میں رنگ بھرو۔



طلبہ کو تصویروں کی وضاحت کرنے کے لیے کہیں۔ تصویروں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔

## (ب) تصویروں سے پھل پہچاننا




### میری سرگرمی

پھلوں کی تصویریں بناؤ اور ان میں رنگ بھرو۔

طلبہ کو پھلوں کی تصویریں استعمال کرنے دیں۔ تصویر پہچاننے کا کھیل کھیلنے دیں۔


## ۵ء۱ مچھلی پالن

### پانی کے جانوروں کی پہچان



### میری سرگرمی

مچھلی کے مختلف اعضا پہچاننا۔




طلبہ کو پانی میں رہنے والے جانداروں کی تصویروں کے ذریعے پہچان کرائیں۔ مچھلی کے مختلف اعضا پہچاننے کے لیے کہیں۔

# (۲) شعبہ : لباس

## ۲ء۱ لباس بنانا

### کپڑے کے بارے میں مکالمہ

### چنٹو کی کہانی (تصویری کہانی)




تصاویر میں درج کپڑے کے تعلق سے مکالمہ اداکاری کے ساتھ کرنے کے لیے کہا جائے۔

## میری سرگرمی

کپاس کے پودوں کو بڑھنے کے مطابق صحیح ترتیب دو۔





کپاس کے پتے



کپاس کے پھول




کپاس کے بیج (بنولے)


تصویروں کو صحیح ترتیب میں لگانے کے لیے کہیں۔


## ۲ء۲ ابتدائی سلائی کام

موسم اور کپڑے









سلائی کام سے جُڑی ہوئی چیزیں

### میری سرگرمی

سوئی، بٹن اور دھاگے کی تصویریں بناؤ۔

تصویریں دِکھا کر موسم اور کپڑوں کی شناخت کرائیں۔ کپڑے سینے کے لیے درکار اشیا / وسائل کی پہچان کرائیں۔ ملائم، کھردرے جیسے کپڑوں کے مختلف ٹکڑوں کو چھو کر تجربہ حاصل کرنے دیں۔

## کپڑے کے مختلف حصّے


جوڑیاں لگا کر دیکھو۔






## میری سرگرمی

رنگ اور رنگین دھاگے کی جوڑی لگاؤ۔








کپڑے اور ان کے حصے کی پنسل کے ذریعے جوڑی لگانے کے لیے کہیں۔ رنگ اور دھاگے کی جوڑی لگانے کے لیے کہیں۔


## ۲ء۳ گڑیا کام


### تصویر اور پٹھے سے گڑیا بنانا











### میری سرگرمی

اخبار، رسالے سے رنگین تصویریں جمع کرکے ان سے پور پُتلی بنانا۔

پور پتلی اور کٹھ پتلی بنانے کا طریقہ بتائیں اور الگ الگ گڑیا تیار کرنے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۴ کاتھے کی چیزیں بنانا

ناریل کے درخت کے مختلف حصوں اور ان سے تیار ہونے والی چیزوں کی پہچان۔



### میری سرگرمی

ناریل کے درخت کا مشاہدہ کر کے اپنے لفظوں میں بیان کرنا۔

ناریل کے درخت سے بننے والی مختلف چیزوں کے نام بتانا۔

ناریل کے درخت کے مختلف حصوں کی پہچان کرائیں۔ اس سے تیار ہونے والی مختلف چیزوں کی تصویریں دِکھا کر وضاحت کرائیں۔

## (۳) شعبہ : مکان

### ۳ء۱ مٹّی کام

### مٹّی کا گیت (بڑبڑ گیت)

امّی بولیں -
بیٹے بولو کیا کرتے ہو تم ؟
بچّہ بولا -
امّی ہوں مَیں کھیل میں گم !



امّی بولیں -
بیٹے ! مٹّی سے نہ کھیل
چڑھ نہ جائے دھول اور مَیل
بچّہ بولا -
میری پیاری امّاں !
تمھیں جانا ہے کہاں ؟

کھیلنا ہے مجھ کو میں تو کھیلوں گا
کھیلنے دو مجھ کو میں نہ ابھی آ ؤں گا
کھیلنے دو مجھ کو اور تھوڑی دیر
سامنے ہے میرے مٹّی کا ڈھیر

### میری سرگرمی

گیلی مٹّی سے گول، لمبوتری، چوکون شکل کی چھوٹی چھوٹی ٹکیا تیار کرنا۔

مختلف پیشوں سے متعلق گیت جمع کر کے طلبہ کو سُر اور تال میں گانے کے لیے کہیں۔ گیلی مٹی سے مختلف شکلیں بنانے کے لیے کہیں۔

## ۳ء۲ بانس کام اور بید کام

### بانس کا درخت اور اس کا استعمال





تصویر کے ذریعے بانس کے درخت کی پہچان کرائیں۔ اس کے مختلف استعمال پوچھیں۔

## ۳ء۳ پھول دار پودا اور آرائشی پودا کاری



### میری سرگرمی


گِرے ہوئے پھولوں کی پنکھڑیاں چِپکا کر تہنیت نامہ بناؤ۔


مختلف پھولوں کی پہچان کرائیں۔ تصویر کی وضاحت کرنے کو کہیں۔ جھڑے ہوئے پھولوں کی پنکھڑیاں، پنسل کا بُرادہ چپکا کر سجاوٹ کرنے کو کہیں۔


# (الف) دیگر شعبے

## کاشتکاری کی تکمیلی صنعتیں (غلّہ بانی)













### میری سرگرمی

تصویر میں دِکھائے ہوئے جانوروں اور پرندوں کی آوازیں نکالو۔



بلّی



بطخ



مرغا

S366BX

تصویروں کے ذریعے جانوروں، پرندوں کی پہچان کرائیں۔ان کی آواز سنائیں۔طلبہ کو جانوروں اور پرندوں کی انفرادی طور پر اور اجتماعی طور پر آواز نکالنے کا موقع دیں۔

# ۵۔ ٹکنالوجی شعبہ

## (ب) اطلاعاتی مواصلاتی ٹکنالوجی

### معلومات دینے والے ذرائع




## آمدورفت کے اُصول - ٹکنالوجی کا استعمال




اطلاعاتی مواصلاتی ٹکنالوجی کے ذرائع کی پہچان کرائیں۔ ان کے استعمال کے بارے میں بچوں سے پوچھیں۔ آمد و رفت کے اُصولوں کے بارے میں معلومات بہم پہنچائیں۔

# ۱۔ تصویر

## ۱ء۱ خط نگاری (ڈوڈل)





## میری سرگرمی


ڈوڈل (خط نگاری) کرتے وقت ہونے والی ہاتھوں اور آنکھوں کی حرکات، چہرے کے تاثرات، منہ سے گنگنانا، ان تمام امور کے سہارے خوب صورت رواں خطوط بنانے میں مدد ملتی ہے۔ من پسند ڈوڈل کرنے دیں اور ان میں سے کچھ حصوں میں رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔




## میری سرگرمی

## ۲۔۱ نقطوں سے لطف اندوزی


• شکل




• تصویر



### میری سرگرمی






**نقطوں سے شکل** : کاغذ پر کچھ فاصلے پر بنے دو نقطوں کو ایک یا دو لکیروں سے جوڑنے پر نئی شکل بنتی ہے۔ دو نقطوں کی طرح ہی تین، چار، پانچ، چھے یا اس سے زیادہ نقطے لے کر بآسانی سادہ شکلیں بنائی جاسکتی ہیں۔ گروہ میں بیٹھ کر بھی بچے اس طرح کی شکلیں بناسکتے ہیں۔ بننے والی شکلوں میں اپنی پسند کے رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔


**نقطوں سے تصویر** : ایک کورے کاغذ پر جتنے چاہے نقطے بنا کر انھیں جوڑ کر کون کون سی شکلیں بنائی جاسکتی ہیں، یہ تلاش کرنے کے لیے کہیں۔ بننے والی تصویر کو اپنی پسند کے رنگ بھرنے کے لیے کہیں۔

## ۳ء۱ لکیروں کا جادو










## میری سرگرمی


دی ہوئی لکیروں کی مشق کرنے سے خوب صورت لکیریں بنانے اور آگے چل کر خوب صورت تصویر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ درج بالا لکیروں کی مشق کے لیے پنسل، روغنی کھریا، اسکیچ پین، مارکر پین، قلم وغیرہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## ۱ء۴ آسان شکلیں




## میری سرگرمی








درج بالا آسان تصویروں کا مشاہدہ کر کے اسی طرح کی کچھ الگ تصویریں بنانے کے لیے کہا جائے۔

## ۵ء۱ ٹھپّے بنانا











### میری سرگرمی



بچے رنگوں سے کھیلنا پسند کرتے ہیں۔ اُنگلی کو رنگ یا سیاہی لگا کر کورے کاغذ پر ٹھپّے بنانے کے لیے کہیں۔ ٹھپّوں کی مدد سے انھیں خوب صورت تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔ ٹھپّوں کی شکل میں کچھ خاص تصویروں کی شکلیں ڈھونڈنے کے لیے کہیں۔

## ٦ء١ نقّاشی






## میری سرگرمی

پتے، پھول، دائرے، مثلث، ٹیڑھی میڑھی لکیریں دیکھ کر نقاشی کی جاسکتی ہے۔ یہاں پر درج بالا نقاشی کی تکمیل متوقع ہے۔ 'میری سرگرمی' میں درج بالا مثالوں کے علاوہ نقاشی بنانے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔

## ۱ء۷ رنگ بھرنا




## میری سرگرمی




دیے ہوئے غباروں اور پتنگ کی شکل میں اپنی پسند کے مختلف رنگ بھرنے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔

## ۸ء۱ خوش خطی



خوب صورت حروف لکھنے کے لیے بچپن سے ہی مشق کرنا ضروری ہے۔ ’حرف‘ ہی لفظوں کی تصویر ہوتے ہیں۔ یہ تصویر لکیر سے بنتی ہے۔ لکیر خوب صورت بن جائے تو حرف خوب صورت بنتا ہے! سیدھی آڑی لکیروں، سیدھی کھڑی لکیروں، ترچھی سیدھی لکیروں، دائروی لکیروں اور نصف دائروی لکیروں کی مناسب مشق کرنے سے خوب صورت حرف بننے میں مدد ملتی ہے۔


# ۱ء۹ میرے دوستوں کی تصویریں






















S3NXF8

تصویروں میں غلطی نہ نکالیں۔ تصویر میں اُبھرنے والے جذبات کو سمجھیں کیونکہ یہ تصویریں بچوں کی خود کی بنائی ہوئی ہوتی ہیں۔

## ۱۰ء۱ میری تصویریں

اوپر کی خالی جگہ میں اپنی پسند کی تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔

# ۲۔ مجسمہ

## ۲ء۱ کاغذ کام


### (۱) پھاڑنا



### (۲) چُرمرانا



### (۳) تہہ کرنا





S3XTGV

**پھاڑنا :** بچوں کو کاغذ پھاڑنا بہت اچھا لگتا ہے۔ کاغذ پھاڑتے وقت پیدا ہونے والی آواز سے بھی وہ لطف اُٹھاتے ہیں۔ درج بالا طریقے سے کاغذ پھاڑ کر چسپاں کر کے (کولاج) تصویر بنانے کے لیے کہیں۔

**چُرمرانا :** الگ الگ رنگ کے کاغذ پھاڑ کر انھیں چرمرا کر ان کے چھوٹے چھوٹے گولے بنانے کے لیے کہیں اور اپنی پسند کی سادہ شکلیں چپکانے کے لیے کہیں۔


**تہہ کرنا :** دو پیپر ڈِش (کاغذ کی پلیٹ) لے کر ان پر درج بالا کی طرح سرگرمی انجام دینے کے لیے کہیں۔ خوبصورت کاغذ کی تھیلی بنانے کے لیے کہیں۔

## ۲ء۲ مٹّی کام


















اپنے آس پاس آسانی سے دستیاب ہونے والی مٹی لے کر اس میں پانی ملانے کو کہیں۔ تیار ہونے والے مٹی کے گولے سے اپنی پسند کی چیز، شکل بنانے کے لیے کہیں۔

# ۳۔ گانا

## ۳ء۱ عددی گیت



۱ ۲ ۳ ۴
آئی پھولوں پر بہار


۵ ۶ ۷ ۸
صاف سُتھرا ندی کا گھاٹ

۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲
مور کا رنگ ہے کتنا پیارا

۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶
جمع ہوا چڑیوں کا ٹولا

۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰
کتنا حسیں ہے مور پنکھ

گانے میں لہجے کی مدد سے موسیقی ریز (مترنم) آواز پیدا کی جاتی ہے۔ گانے کے لیے ساز ضروری نہیں ہوتا ہے۔ آسانی سے اور لطف حاصل کرنے کے لیے گنگنانا بھی گانا کہلاتا ہے۔ گانے کی مشق کرنے کے لیے کہیں۔




## ۳ء۲ حرفی گیت

آ ای اؤ با بی بؤ
پھول سے آئی کیسی خوشبو

'ع' سے عینک ہم نے لگایا
'غ' سے غبّارہ ہم نے پھُلایا

نا نی نو ما می مو
غبارے پر بیٹھ میں اُڑؤں

## ۳ء۳ کہانی پر مبنی گیت



### کچھوا اور خرگوش

ایک جنگل میں مغرور خرگوش تھا
اس کو کچھوا ملا جو کہ ذی ہوش تھا
اپنی رفتار پر تھا اسے اعتبار
اس نے کچھوے کو سمجھا نہ تھا ہوشیار
ڈالا کچھوے پہ خرگوش نے یوں دباؤ
دوڑ کی شرط منظور ہو تو بتاؤ
شرط کچھوے نے جیسے ہی منظور کی
اور خرگوش نے سوچ لی دوڑ کی
خوب دوڑا ، خوشی سے اُچھلنے لگا
کچھوا آہستہ آہستہ چلنے لگا

اب تو خرگوش سینہ سپر ہوگیا
اور کچھوا پسینے میں تر ہوگیا
جتنی ہریالی آئی نظر آس پاس
صاف کر ڈالی خرگوش نے ساری گھاس
پیٹ بھر کھا کے خرگوش تو سو گیا
کچھوا گردن ہلاتے ہوئے چل پڑا
جیت کا جشن کچھوے کے حصے میں تھا
ہار کر بازی ، خرگوش کا سر جُھکا

S47PII




# ۴۔ بجانا


## ۴۔۱ آواز کی پہچان















بجانے کے لیے ساز ضروری نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی ساز بجانے کے لیے شاستریہ سنگیت کی معلومات ضروری ہے۔ کسی بھی دستیاب چیز پر جب آپ ضرب/ تھاپ مارتے ہیں تو آواز بآسانی پیدا ہوتی ہے۔ اس طرح کے بجانے کو بھی آپ اپنے گانے میں شامل کر سکتے ہیں۔ طلبہ کو ایسی آوازیں سنائیں اور انھیں مختلف پرندوں، جانوروں کی آوازیں نکالنے کے لیے کہیں۔


## ۴ء۲ سازوں کی پہچان



ڈھول



گھنٹا




ڈمرو



بانسری




ٹال




شہنائی



لیزم




ہارمونیم



گھنگھرو

تصاویر کے ساز پہچاننے کے لیے کہا جائے۔حتی الامکان دستیاب سازوں کی آواز سنائیں۔



تاشا



طبلہ



کھنجِری



پکھواج

## ۳ء۴ دیگر آواز





اپنے آس پاس بآسانی دستیاب ہونے والے سازوں کا مختصر تعارف پیش کریں۔ اسی طرح آس پاس وقوع ہونے والے مختلف قدرتی واقعات یا معمولات سے پیدا ہونے والی آوازوں کا تعارف کرائیں۔

## ۴ء۴ سازوں کی تصاویر

آسانی سے دستیاب ہونے والے سازوں کی تصویریں جمع کر کے انھیں چسپاں کر کے ان کے نام پوچھے جائیں۔


# ۵۔ رقص


## ۵ء۱ سر اور گردن ہلانا













پرندوں کی حرکات کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔ (مثلاً چڑیا، طوطا، کوا)
پرندے کیسے گردن ہلاتے ہیں، اس کا مشاہدہ کرائیں۔ (مثلاً بطخ، بگلا، مور)

## ٢ء۵ پنجے اور مٹھی




١




٢

## ٣ء۵ ہاتھوں کی حرکت




١ ٢



١ ٢







**پنجے اور مٹھی** : ایک بولنے پر اُنگلیاں کھول کر پورا پنجا پھیلانے کے لیے کہا جائے۔ دو بولنے پر اُنگلیاں بند کر کے مٹھی مضبوط بند کرنے کو کہا جائے۔ دونوں پنجے سامنے رکھ کر ایک بولنے پر دائیں جانب اور دو بولنے پر بائیں جانب نصف دائروی شکل میں ہلانے کے لیے کہا جائے۔
دونوں پنجے ایک بولنے پر اندر کی جانب اور دو بولنے پر باہر کی جانب نصف دائروی شکل میں ہلانے کے لیے کہا جائے۔


**ہاتھوں کی حرکت** : ایک بولنے پر ہاتھ کہنی سے موڑ کر کندھے کے پاس لانے کے لیے کہا جائے۔ دو بولنے پر ہاتھ پھر سے سیدھا کرنے کے لیے کہا جائے۔ پہلے دائیں پھر بائیں ہاتھ سے یہی عمل کرائیں۔ ایک اور دو بولنے پر دونوں ہاتھ بازو میں پھیلا کر بیک وقت ایک پر دونوں ہاتھوں کی مٹھّیاں کندھے کے پاس اور دو پر ہاتھ سیدھا کرنے کا عمل کرائیں۔ دونوں ہاتھ بازو میں پھیلا کر پرندوں کے پنکھ کی طرح کندھے سے اوپر نیچے ہلانے کے لیے کہیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے کہنی سے ہاتھ موڑے نہیں۔

## ۴ء۵ گول گھومنا









پنکھا، پھرکی اور بھونرا کس طرح گھومتا ہے، اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہا جائے۔ دونوں ہاتھ بازو میں پھیلا کر خود کے گرد آہستہ آہستہ گھمانے کے لیے کہیں۔ اس وقت ہاتھوں کے پنجے کھلے رکھنے کے لیے کہیں۔

## ۵ء۵ چھلانگ لگانا



جگہ پر چھلانگ




مینڈک چھلانگ



خرگوش چھلانگ

## ۵ء۶ درخت کی طرح ڈولنا






**جگہ پر کودنا :** کمر پر ہاتھ رکھ کر دونوں پیر ایک ساتھ اُٹھا کر جگہ پر کوُدنے کے لیے کہا جائے۔ کودتے وقت پیروں کے بیچ فاصلہ رکھ کر کھڑے رہنے کے لیے کہیں۔ پھر سے چھلانگ لگا کر پیروں کو قریب لانے کے لیے کہیں۔

**مینڈک چھلانگ :** مینڈک کی طرح بیٹھ کر زمین پر ہاتھ کے پنجے ٹیک کر چھلانگ مارنے کے لیے کہا جائے۔

**خرگوش چھلانگ :** کان کے قریب ہاتھ رکھ کر پیر کے پنجوں پر کودنے کے لیے کہا جائے۔

**درخت کی طرح ڈولنا :** ہوا سے جھولتے درختوں کا معائنہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس طریقے سے دونوں ہاتھ اوپر کر کے اُنگلیاں پھیلا کر ایک بولنے پر بائیں جانب اور دو بولنے پر دائیں جانب کندھے کے پاس سے ہاتھ ہلانے کو کہا جائے۔

## ۷ء۵ ساتھی کی مدد سے حرکات









S4QGLT



**مربوط کام کی اہمیت :** ہدایت دیں کہ طلبہ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر پہلے دائیں جانب اور پھر بائیں جانب گول گھومیں۔ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر ایک بولنے پر اوپر اور دو بولنے پر ہاتھ نیچے کرلیں۔ ایک پر خود تالی بجائیں، دو پر ساتھی کے ہاتھ پر تالی ماریں۔

**آزادانہ تخلیق/ اظہار :** بڑبڑ گیت پر یا بچوں کے گیت پر آزادانہ حرکت کرنے کی ترغیب دیں۔ درسی کتاب میں درج نظموں اور گیتوں پر رقص کرنے کے لیے کہا جائے۔

# ۶۔ ڈراما

## ۶ء۱ آواز کی نقالی (جانور، پرندے، سواریاں)















الگ الگ جانور، پرندے کیسی آوازیں نکالتے ہیں؛ اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہا جائے۔ ہر طالب علم سے الگ الگ آواز کی نقالی کرنے کو کہا جائے۔ تصویر کی سواریوں کی آواز، اسی طرح ان کے ہارن کی آوازوں کی نقالی کرائے یا سواریوں کی آواز پہچاننے کے لیے کہا جائے۔

## ٦ء۲ نام، پتا اور پسند بتانا



## ٦ء۳ آدابِ ملاقات



طلبہ کے گروہ بنائیں۔ ہر طالب علم گروہ کے سامنے کھڑے ہوکر اپنا پورا نام، پتا اور اسے کیا پسند ہے، بتائے گا۔فوجی ملاقات، مصافحہ، گلے ملنا (معانقہ)، پرچم کشائی، دادا - دادی کو سلام کرنے جیسے اعمال کی مشق کرنے کے لیے کہا جائے۔

## ۴ء۶ مکالمہ











S4ZCNG

طلبہ کی جوڑی بنا کر ان کے درمیان خیالی مکالمے کروائیں۔
مثلاً غبارے والا – بچہ، دکاندار – گاہک، سبزی فروش – گاہک، دو دوست، کنڈکٹر – مسافر وغیرہ۔

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-४११००४۔

खेळू, करू, शिकू – इयत्ता पहिली (उर्दू माध्यम)

₹ 46.00

